منظوری فارم – دوسروں پر نام اور ذاتی معلومات کا افشاء کرنے کے لیے

(براہ کرم جلی حروف میں لکھیں یا ٹائپ کریں دستخط والی سطر کے سواء)

آپ کا نام: ___________________________________

اس اسکول یا دیگر ادارے کا نام جس کے خلاف آپ نے یہ شکایت درج کرائی ہے: ___________________________________

____

- اس فارم میں آپ سے یہ پوچھا جاتا ہے کہ آیا دفتر برائے دیوانی حقوق [Office for Civil Rights (OCR)] آپ کے نام اور دیگر ذاتی معلومات کا اشتراک اس وقت کر سکتا ہے جب OCR یہ فیصلہ کرے کہ ایسا کرنے سے آپ کی شکایت کی تفتیش اور اسے حل کرنے میں اعانت ملے گی۔
- مثلا، یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا اسکول نے کسی شخص کے خلاف تفریق کی، OCR کو اکثر و بیشتر حقائق کی توثیق کرنے یا اضافی معلومات حاصل کرنے کے لیے اس اسکول کے ملازمین پر اس شخص کے نام اور دیگر ذاتی معلومات کا افشاء کرنا ہوتا ہے۔ جب OCR ایسا کرتا ہے تب، OCR ملازمین کو اطلاع دیتا ہے کہ اس شخص اور اس شخص کے ساتھ وابستہ دیگر افراد کے خلاف ہر قسم کی انتقامی کارروائیاں ممنوع ہیں۔ OCR گواہوں کے ساتھ انٹرویوز اور ماہرین کے ساتھ مشاورتوں کے دوران بھی اس شخص کے نام اور ذاتی معلومات کا افشاء کر سکتا ہے۔
- اگر OCR کو مذکورہ بالا کے مطابق آپ کے نام یا ذاتی معلومات کا افشاء کرنے کی اجازت نہیں ہے تو، OCR اس صورت میں آپ کی شکایت بند کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے جب OCR یہ تعین کرے کہ آیا اسکول نے آپ کے خلاف تفریق برتی یا نہیں اس مسئلے کو حل کرنے کے واسطے آپ کے نام یا ذاتی معلومات کا افشاء کرنا ضروری ہے۔

نوٹ: اگر آپ OCR کے پاس شکایت درج کراتے ہیں تو، OCR آپ کی شکایت کے بارے میں بعض معلومات پریس یا عوام الناس کو جاری کر سکتا ہے، جس میں اسکول یا ادارے کا نام؛ آپ کی شکایت درج کیے جانے کی تاریخ؛ آپ کی شکایت میں شامل تفریق کی قسم؛ آپ کی شکایت حل ہونے، مسترد یا بند کیے جانے کی تاریخ؛ OCR کے فیصلے کی بنیادی وجہ؛ یا دیگر متعلقہ معلومات شامل ہے۔ OCR پریس یا عوام الناس کو جو بھی معلومات جاری کرتا ہے اس میں آپ کا نام یا اس شخص کا نام شامل نہیں ہوگا جس کی جانب سے آپ نے شکایت درج کرائی۔

نوٹ: OCR آپ سے معلومات کے لیے اپنی درخواستوں کا جواب دینے کا تقاضہ کرتا ہے۔ OCR کی تفتیش اور مسئلہ حل کرنے کی سرگرمیوں میں تعاون نہ کرنے کے نتیجے میں آپ کی شکایت بند کی جا سکتی ہے۔

براہ کرم سیکشن A یا سیکشن B پر (لیکن دونوں پر نہیں) دستخط کریں اور OCR کو واپس کریں۔

- اگر آپ نے خود اپنی جانب سے شکایت درج کرائی تو، آپ کو اس فارم پر دستخط کرنا چاہیے۔
- اگر آپ نے دوسرے مخصوص فرد کی جانب سے شکایت درج کرائی تو، اس دوسرے شخص کو اس فارم پر دستخط کرنا چاہیے۔

استثناء: اگر شکایت ایسے مخصوص فرد کی جانب سے درج کرائی گئی تھی جس کی عمر 18 سال سے کم ہے یا جو قانونی طور پر غیر مجاز بالغ ہے تو، اس فارم پر اس شخص کے والدین یا قانونی سرپرست کا دستخط ہونا ضروری ہے۔

- اگر آپ نے کسی مخصوص فرد کے بجائے، لوگوں کی ایک جماعت کی جانب سے شکایت درج کرائی تو، آپ کو اس فارم پر دستخط کرنا چاہیے۔

A. **میں OCR کی تفتیش اور نفاذ کی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کے لیے OCR کو اپنی شناخت (اور اپنے اس نابالغ بچے/زیر کفالت بچے کی شناخت جس کی جانب سے شکایت درج کرائی گئی ہے) دوسروں کے سامنے افشاء کرنے کی اپنی اجازت دیتا ہوں۔**

___________________ ___________________

دستخط **تاریخ**

یا

B. **میں OCR کو اپنی شناخت (اور اپنے اس نابالغ بچے/زیر کفالت بچے کی شناخت جس کی جانب سے شکایت درج کرائی گئی ہے) دوسروں کے سامنے افشاء کرنے کی اپنی اجازت نہیں دیتا ہوں۔**

___________________ ___________________

دستخط **تاریخ**

میں بر جانۂ دروغ حلفی کے تحت اعلان کرتا ہوں کہ میں ہی وہ شخص ہوں جس کا نام اوپر درج ہے؛ اور، اگر شکایت کسی نابالغ بچے/زیر کفالت بچے کی جانب سے درج کرائی گئی ہےتو، میں ہی اس شخص کا/کی والد/والدہ یا قانونی سرپرست ہوں۔ یہ اعلانیہ صرف ان افراد کی شناخت پر ہی لاگو ہوتا ہے، اور اس کی وسعت شکایت میں درج کسی دعوں تک نہیں ہے۔

تجدید شدہ اپریل 2014